
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : ناہید حسن

دوسری جماعت کے لئے



ٹیچر کیلئے نوٹ

- ''پہلے سوچو پھر آگے بڑھو''۔ بچوں کے لئے یہ پیغام انتہائی دلچسپ اور معلوماتی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کہانی کے ذریعے بچوں میں تجسس اور غور و فکر کا عمل پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ کہانی دوسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں رد و بدل کر سکتی ہیں۔

بچے اپنے ماحول میں موجود چیزوں کا مشاہدہ بغور کرتے ہیں۔ اکثر بچے اپنے والدین اور اساتذہ سے مختلف چیزوں کے بارے میں سوالات کرتے ہیں۔ ہمیں چاہیئے کہ بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق انہیں مناسب اور صحیح جواب دیں۔ اس کہانی کے ذریعے بھی بچوں میں تجسس اور غور و فکر کی صلاحیت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

## سیشن 1

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کلاس میں کتنے بچے ایسے ہیں جو کسی بھی کام کو کرنے سے پہلے سوچتے ہیں۔ غور کرتے ہیں کہ یہ کام:
- <u>کب</u> کیا جائے؟
- <u>کیسے</u> کیا جائے؟
- <u>کہاں</u> کیا جائے؟
- <u>کیوں</u> کیا جائے؟
- <u>کس</u> کی مدد سے کیا جائے؟
- <u>کتنا</u> کیا جائے؟
- اور کتنے بچے ایسے ہیں جو بغیر سوچے یا غور کئے اپنے کام شروع کر دیتے ہیں؟
- ایسے کام کا کیا نتیجہ ہوتا ہے؟
- کچھ بچے اپنے ذاتی تجربات میں سے کسی ایک کام کے بارے میں بتائیں جو انہوں نے سوچ سمجھ کر کیا تھا یا سوچ سمجھ کر نہیں کیا تھا۔ دونوں صورتوں میں کام کا نتیجہ بھی بتائیں۔

- ایسے بچوں کو بھی بات کرنے کا موقع دیں جو کلاس میں نسبتاً کم بولتے ہیں۔

15 منٹ

- اب ٹیچر underline الفاظ کے بارے میں بچوں سے بات کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ ان underline الفاظ کو کیا کہتے ہیں۔ (ان کو سوالیہ الفاظ کہتے ہیں)۔
- ان الفاظ کا انگریزی میں ترجمہ بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان الفاظ سے آسان جملے بھی ترتیب دیں۔

سوالیہ الفاظ

- | اردو | انگریزی |
  |---|---|
  | کب | when |
  | کیسے | how |
  | کہاں | where |
  | کیوں | why |
  | کس | whom |
  | کتنا | how much |
  | کیا | what |
- بچے کاپی نکالیں اور یہ سوالیہ الفاظ اردو اور انگریزی میں اپنی کاپی میں اتار لیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے پھر ایک سوال پوچھیں کہ آج میں ایک نئی کتاب لائی ہوں۔ اس میں کوئی اپنے آپ سے ہی سوال کر رہا ہے۔ یعنی سوچ رہا ہے۔ بچے بتائیں کہ وہ کون ہے؟
- ٹیچر ایک اشارہ دیں کہ وہ انسان نہیں ہے۔ اگر بچے guess کریں تو پوچھیں کہ وہ کیا سوچ رہی ہے؟
- آخر میں بچوں کو کتابیں دیں۔ وہ اپنی کتابیں خاموشی اور غور سے دیکھیں۔
- اب ٹیچر کہانی کو الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ چار پانچ بچوں سے پڑھائی کروائیں۔

گھر کا کام

- کہانی یہاں وہاں کہاں؟ پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2

25 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ کہانی ان کو کیسی لگی؟ ان کے خیال میں مرغی عقل مند تھی یا بے وقوف؟ اگر وہ سوچے سمجھے بغیر جزیرے میں یا جھاڑی میں چلی جاتی تو کیا نتیجہ ہوتا؟
- اب کلاس میں 12-10 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ ضروری نہیں کہ ہر بچہ مکمل کتاب پڑھے۔ کتاب پڑھنے میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں تاکہ ان کی دلچسپی برقرار رہے۔

20 منٹ

- آج treasure hunt کھیلنے کی کارروائی کریں۔ اس کھیل کے لئے کلاس سے کچھ دور مختلف جگہوں پر دو یا تین چیزیں چھپا دیں۔ ان چیزوں کی طرف جانے والے راستوں پر چاک سے تیر کے نشان بنا دیں۔ دو تین تیر کے نشان غلط راستوں کی طرف بھی بنا دیں۔ جہاں صحیح سمت میں تیر کا نشان بنایا ہے اس طرف تھوڑا آگے جا کر خوش شکل (happy face) بنائیں اور غلط سمت سے تھوڑا آگے جا کر رونی صورت یا اداس چہرہ (sad face) بنا دیں۔
- کلاس سے باہر لے جانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ مختلف جگہوں پر تین چیزیں چھپائی گئی ہیں جنہیں تلاش کر کے لانا ہے۔ راستہ بتانے کے لئے کچھ نشانات بھی لگائے گئے ہیں۔ جن کی پہچان سے تلاش میں آسانی ہوگی۔ ہر سمت کی طرف ایک گروپ کو بھیجیں۔ چیزیں تلاش کرنے کے لئے کچھ وقت مقرر کریں (مثلاً: پانچ منٹ کے اندر چیزیں تلاش کر کے واپس آنا ہے۔) جو گروپ جیت جائے اس کے لئے کوئی چھوٹا سا انعام رکھیں۔
- جن اسکولوں میں میدان یا کھیل کے لئے مناسب جگہ نہیں ہے وہاں مندرجہ ذیل کام کروائیں۔
- کلاس میں کہانی کے حوالے سے انڈے اور بچے دینے والے جانوروں' پرندوں اور کیڑے مکوڑوں پر بات چیت کریں۔
- ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک طرف ''انڈے دینے والے'' اور دوسری طرف ''بچے دینے والے'' لکھیں۔ اب بچے مختلف جانوروں پرندوں اور کیڑے مکوڑوں کے نام بتائیں اور ٹیچر ترتیب وار لکھتی جائیں۔
- ٹیچر بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ جن جانوروں کے کان باہر کی طرف نکلے ہوتے ہیں وہ بچے دیتے ہیں

| | |
|---|---|
| | اور جن کے کان اندر کی طرف بنے ہوتے ہیں وہ انڈے دیتے ہیں۔ |
| گھر کا کام | • کہانی کے صفحہ نمبر 2-1 سے املا لیا جائے گا۔ الفاظ یاد کر کے آئیں۔ |

## سیشن 3

| | |
|---|---|
| 30 منٹ | • بچے کاپی کھولیں نئے صفحے پر دن اور تاریخ لکھیں۔ ٹیچر 15-10 الفاظ کا املا لیں۔ اگر وقت باقی ہے تو بچے کسی 4-3 الفاظ کے جملے بھی بنائیں بعد میں آپس میں کاپیاں تبدیل کر کے cross checking کریں۔ ضرورت کے مطابق غلطیوں کی اصلاح کریں۔ جن بچوں کی کوئی غلطی نہ ہو ٹیچر انہیں star یا sticker ضرور دیں تاکہ دوسرے بچوں میں بھی بہتر کام کرنے کا شوق پیدا ہو۔ |
| 10 منٹ | • اب کلاس میں موجود بقیہ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ |
| گھر کا کام<br>5 منٹ | • کتاب میں سے تلاش کر کے سوالیہ جملے کاپی میں لکھ کر لائیں۔ ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ڈائری میں اتاریں۔ |

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • آج کہانی کے الفاظ کے ذریعے حروف ترتیب میں لکھنے کا کام کر وائیں۔ ٹیچر بورڈ پر 10-8 الفاظ لکھیں اور کسی ایک لفظ کے حروف کو ترتیب میں لکھ کر بچوں کو سمجھائیں کہ ان کو یہ کام کس طرح کرنا ہے۔ بہتر ہو گا کہ پہلے مختلف بچوں سے زبانی طور پر یہ کام کر وائیں۔ مثلاً |

| حروف کی ترتیب | لفظ |
|---|---|
| ا ٹ چ و ھ | چھوٹا |

الفاظ

- چھوٹا۔ بھوری۔ جزیرہ۔ سوچنے۔ مرغی۔ کشتی۔ واپس۔ لکڑی۔ جھاڑی۔ نکل۔
- اب بچے کاپی نکالیں۔ نئے صفحے پر دن تاریخ لکھیں اور یہ کام کریں۔

15 منٹ

- کاپی میں پہلا کام مکمل کر کے بچے دوسرے صفحے پر دو کالم بنائیں۔ ٹیچر کہانی میں سے مختلف الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کہ ان کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے انگریزی الفاظ بھی بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں یہ کام بچے کاپی میں اتار لیں۔ (اگر کسی لفظ کی انگریزی بچے نہ بتا پائیں تو ٹیچر خود بتا کر لکھیں۔)

| انگریزی | اردو |
|---|---|
| small | چھوٹے |
| island | جزیرہ |
| brown | بھوری |
| hen | مرغی |
| here and there | ادھر ادھر |
| place | جگہ |
| coconut | ناریل |
| paw | پنجے |
| bush | جھاڑی |
| boat | کشتی |

10 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں جانوروں سے متعلق کوئی نظم یاد ہے۔ اگر یاد ہے تو تین چار بچوں سے سنیں۔ ٹیچر بھی دوسری جماعت کی درسی کتاب ''میرے دوست'' میں دی گئی نظم ''بلا دفتر جائے'' سنا سکتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| گھر کا کام | • مرغی جگہ کی تلاش میں کہاں کہاں گئی؟ کتاب میں دی گئی ترتیب کے مطابق جگہ کا نام لکھ کر تصویریں بنائیں۔ |

## سیشن 5

25 منٹ

• آج کتاب کے الفاظ کی مدد سے ''واحد'' اور ''جمع'' کا کام کر وایا جائے گا۔ ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں ۔ ایک میں واحد اور دوسرے میں جمع لکھیں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کھولیں اور کہانی کو غور سے پڑھیں۔ اس میں سے ایسے الفاظ بتائیں جن کی جمع بنائی جا سکتی ہیں۔ بچے الفاظ اور ان کی جمع بتائیں اور ٹیچر کالم میں لکھتی جائیں۔ اس کام میں ٹیچر حسب ضرورت بچوں کی مدد کریں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| جزیرہ | جزیرے |
| مرغی | مرغیاں |
| بلی | بلیاں |
| پنجہ | پنجے |
| نشان | نشانات |
| کتا | کتے |
| کشتی | کشتیاں |
| بچہ | بچے |
| ڈبا | ڈبے |
| لکڑی | لکڑیاں |
| چوزہ | چوزے |

• بعد میں بچے کاپی نکالیں۔ نئے صفحے پر دن اور تاریخ لکھ کر واحد اور جمع کا کالم بنا کر بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کاپی میں اتاریں۔

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ مختلف سوالیہ الفاظ استعمال کر کے اس کہانی کے حوالے سے مختلف سوالات خود بنائیں۔ مثلاً:<br>• مرغی کہاں گھوم رہی تھی؟<br>• مرغی کو کس کے پنجوں کے نشان نظر آئے؟<br>• جھاڑی میں کون بیٹھا تھا؟<br>• مرغی کشتی میں کیوں نہیں گئی؟<br>• مرغی کے پیچھے کتنے چوزے تھے؟<br>• سوالات بنانے میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں۔ بچوں کے بتائے ہوئے سوالات ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں بچے یہ سوالات کاپی میں اتار لیں۔ |
| گھر کا کام | • سوالات کے جوابات گھر سے لکھ کر لائیں۔ |

# یہاں وہاں کہاں

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan.
uan: (9221) 111-825-336
phone: (9221) 3439-8186
email: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

@bookgrouppk @urdubooksforchildren @bookgroupstories